1. مغربی ہندی کی کتنی بولیاں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

2. افسانہ ''پوس کی رات'' کا مصنف کون ہے؟

(A) راجندر سنگھ بیدی (B) پریم چند (C) منٹو (D) خواجہ احمد عباس

3. ناول ''شکست'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) کرشن چندر (B) پریم چند (C) قرۃالعین حیدر (D) مرزا رسوا

4. ''حجۃ الاسلام'' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) امراؤ جان ادا (B) ابن الوقت (C) فسانہ آزاد (D) آگ کا دریا

5. قرۃالعین حیدر نے ناول ''آگ کا دریا'' میں کونسی تکنیک استعمال کی؟

(A) فلاش بیک (B) بیانیہ (C) شعور کی رو (D) بین التونیت

6. ''داغ دہلوی کا انتقال حیدرآباد میں ہوا''......اس جملے میں ''دہلوی'' صفت کی کونسی قسم ہے؟

(A) ذاتی (B) نسبتی (C) ضمیری (D) عددی

7. ''میں نے کام ختم کرلیا''......اس جملے میں ''نے'' کیا ہے؟

(A) علامت فاعل (B) علامت فعل (C) علامت مفعول (D) ان میں کوئی نہیں

8. ''کھڑی بولی'' کی اصل کیا ہے؟

(A) مغربی ہندی (B) مشرقی ہندی (C) بندیلی (D) لہندا

9. ''گوہر مرزا'' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) شکست (B) بیوہ (C) فسانہ مبتلا (D) امراؤ جان ادا

10. ''آخری تحفہ'' کس مصنف کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(A) راجندر سنگھ بیدی (B) منٹو (C) پریم چند (D) قرۃ العین حیدر

11. سوگندھی' منٹو کے کس افسانہ کا کردار ہے؟

(A) موذیل (B) سڑک کے کنارے (C) ٹھنڈا گوشت (D) ہتک

12. فانی بدایونی کا ابتدائی تخلص کیا تھا؟

(A) علی (B) شوکت (C) اسد (D) حزین

13. لفظ ''مشاغل'' کا واحد کیا ہے؟

(A) مشغولیت (B) مشغول (C) مشغلہ (D) مشعل

14. مارکسی تنقید کا نمائندہ نقاد کون ہے؟

(A) حالی (B) کلیم الدین احمد (C) آل احمد سرور (D) احتشام حسین

15. ''سب رس'' کا سنہ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1630ء (B) 1635ء (C) 1645ء (D) 1646ء

16. ''سب رس'' میں ''غیر'' کس کی بیٹی ہے؟

(A) ہمت (B) قامت (C) نظر (D) رقیب

17. ''سب رس'' میں کس صنف کے ابتدائی نقوش ملتے ہیں؟

(A) ناول (B) ڈراما (C) انشائیہ (D) سفرنامہ

18. ملاوجہی نے قطب شاہی خاندان کے کتنے بادشاہوں کا زمانہ دیکھا؟

(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

19. وجہی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) نعمت اللہ (B) اسد اللہ (C) فتح اللہ (D) انعام اللہ

20. اسم عام کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

21. کس شاعر کے کلام کو شمال اور جنوب کے درمیان لسانی وادبی پل قرار دیا گیا ہے؟

(A) غواصی (B) سراج (C) نصرتی (D) ولی

22. کس شاعر کو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے ڈی۔لٹ کی اعزازی ڈگری دی؟

(A) فراق (B) جگر (C) حسرت (D) اقبال

23. کس ادیب کو ''امام الہند'' کا خطاب دیا گیا؟

(A) سید سلیمان ندوی (B) محمد علی جوہر (C) عبدالماجد دریابادی (D) مولانا ابوالکلام آزاد

24. کس شاعر کو ''تاریخ گوئی'' میں کمال حاصل تھا؟

(A) غالب (B) مومن (C) شیفتہ (D) آتش

25. اردو کے مشہور شاعر شیخ محمد ابراہیم کا تخلص کیا تھا؟

(A) شاہ نصیر (B) سودا (C) ذوق (D) موزوں

26. ان میں کونسی مثنوی نصرتی کی نہیں ہے؟

(A) چندر بدن ومہیار (B) گلشن عشق (C) علی نامہ (D) تاریخ اسکندری

27. سودا نے تضحیک روزگار میں کس کا مضحکہ اڑایا ہے؟

(A) بے روزگاروں کا (B) وزیر کا (C) گھوڑے کا (D) بادشاہ کا

28. ان میں کس صنف کا تعلق غیر افسانوی ادب سے نہیں ہے؟

(A) سفرنامہ (B) مکتوب (C) داستان (D) خاکہ

29. ان میں پروفیسر محمد حسن کا ڈراما کونسا ہے؟

(A) ضحاک (B) خون ناحق (C) فریب محبت (D) نگاہ غفلت

30. ان میں سے کس ادیب نے ترقی پسند تحریک پر کتاب نہیں لکھی؟

(A) سردار جعفری (B) وحید اختر (C) خلیل الرحمان اعظمی (D) عزیز احمد

31. ان میں سے کونسی مثنوی غواصی کی نہیں ہے؟

(A) مینا ست ونتی (B) سیف الملوک و بدیع الجمال (C) مہر افروز دلبر (D) طوطی نامہ

32. ڈراما ''اندر سبھا'' کا مصنف کون ہے؟

(A) امانت لکھنوی (B) آغا حشر کاشمیری (C) پروفیسر محمد مجیب (D) بیتاب دہلوی

33. ان میں کس ادیب کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں ہے؟

(A) کاظم علی جوان (B) للولال جی (C) عیوی خاں بہادر (D) حیدر بخش حیدری

34. ان میں نظیر اکبر آبادی کی نظم کونسی ہے؟

(A) کسان (B) بنجارہ نامہ (C) بزم قدرت (D) صبح وطن

35. پریم چند نے انجمن ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس کے خطبۂ صدارت میں کیا کہا تھا؟

(A) ادب کی بہترین تعریف تفسیر حیات ہے (B) ادب کی بہترین تعریف نشاط حیات ہے
(C) ادب کی بہترین تعریف نقد حیات ہے (D) ادب کی بہترین تعریف تعبیر حیات ہے

36. ڈراما ''کھیتی'' اور ''انجام'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) محمد مجیب (B) آغا حشر کاشمیری (C) ڈاکٹر محمد حسن (D) امتیاز علی تاج

37. مجاز کا اصل نام کیا تھا؟

(A) عبدالحی (B) اسرارالحق (C) محمد اختر (D) اطہر حسین

38. ''اردو تنقید پر ایک نظر'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) کلیم الدین احمد (B) احتشام حسین (C) آل احمد سرور (D) شبلی

39. پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پہ کلام نرم و نازک بے اثر

مندرجہ بالا شعر اقبال نے اپنے کس مجموعے کلام کے آغاز میں لکھا ہے؟

(A) بانگ درا (B) بال جبریل (C) حزب کلیم (D) ارمغان حجاز

40. ان میں فخر دین نظامی کی تصنیف کون سی ہے؟

(A) معراج العاشقین (B) کدم راؤ پدم راؤ (C) عشق نامہ (D) خوش نامہ

41. ''زعفران کے پھول'' کس ادیب کے افسانوی مجموعہ کا نام ہے؟

(A) بیدی (B) منٹو (C) خواجہ احمد عباس (D) قرۃ العین حیدر

42. ڈراما ''سلور کنگ'' کا مصنف کون ہے؟

(A) امتیاز علی تاج (B) پروفیسر محمد مجیب (C) آغا حشر کاشمیری (D) پروفیسر محمد حسن

43. ''صاحبو! غور سے سنو''......اس جملے میں ''صاحبو'' کس حالت میں ہے؟

(A) ندائی (B) طوری (C) مفعولی (D) فاعلی

44. ''مرزا نوشہ'' اسم خاص کی کونسی قسم ہے؟

(A) تخلص (B) لقب (C) خطاب (D) عرف

45. ناول ''چاندنی بیگم'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) کرشن چندر (B) قرۃ العین حیدر (C) مرزا رسوا (D) پریم چند

46. پریم چند کا پہلا ناول کونسا ہے؟

(A) گئودان (B) اسرار معابد (C) میدانِ عمل (D) بیوہ

47. اصلیت، سادگی، جوش کی بحث کس کے ہاں ملتی ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) کلیم الدین احمد (C) شبلی (D) حالی

48. ''وہ لوگ جو کل آئے تھے آج چلے گئے''......اس جملے میں ''جو'' ضمیر کی کونسی قسم ہے؟

(A) ضمیر شخصی (B) ضمیر استفہام (C) ضمیر موصولہ (D) ضمیر اشارہ

49. ان میں پروفیسر محمد مجیب کا ڈراما کونسا ہے؟

(A) جانباز (B) روح سیاست (C) نگاہِ غفلت (D) خانہ جنگی

50. ماہرین لسانیات نے ہند آریائی زبانوں کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

51. افسانہ ''نجات'' کا خالق کون ہے؟

(A) پریم چند (B) کرشن چندر (C) منٹو (D) خواجہ احمد عباس

52. ان میں سب سے قدیم مثنوی کونسی ہے؟

(A) قطب مشتری (B) گلشن عشق (C) کدم راؤ پدم راؤ (D) علی نامہ

53. کس نثری صنف میں مافوق الفطرت عناصر اور محیر العقول واقعات پائے جاتے ہیں؟

(A) ناول (B) مختصر افسانہ (C) داستان (D) ناولٹ

54. اردو کا معتوب افسانہ نگار کون ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو (B) راجندر سنگھ بیدی (C) خواجہ احمد عباس (D) پریم چند

55. ''گریز'' کس صنف سخن کا جزو ہے؟

(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) مثنوی (D) شہر آشوب

56. ''عود ہندی'' کیا ہے؟

(A) مضامین کا مجموعہ (B) افسانوں کا مجموعہ (C) خطوط کا مجموعہ (D) شاعری کا مجموعہ

57. بیانیہ شاعری کی معراج کس صنف کو کہا جاتا ہے؟

(A) غزل (B) مثنوی (C) قصیدہ (D) مرثیہ

58. اس ادیب کا نام بتایئے جسے زبان وادب ہی میں نہیں، نفسیات اور علم کیمیاء میں بھی دسترس تھی؟

(A) سر سید احمد خاں (B) محمد حسین آزاد (C) ڈپٹی نذیر احمد (D) مرزا رسوا

59. ناول ''امراؤ جان ادا'' کس سنہ میں لکھی گئی؟

(A) 1894ء (B) 1898ء (C) 1899ء (D) 1900ء

60. مثنوی ''پھول بن'' کا مصنف کون ہے؟

(A) نصرتی (B) غواصی (C) جنیدی (D) ابن نشاطی

61. ''بنت'' کی جمع کیا ہے؟

(A) بنات (B) بنادر (C) بنتی (D) بندھن

62. لفظ ''حسرت'' کے معنی کیا ہیں؟

(A) خوشی (B) جلن (C) افسوس (D) دشمنی

63. پریم چند کا آخری مطبوعہ ناول کونسا ہے؟

(A) بیوہ (B) گئودان (C) نرملا (D) چوگان ہستی

64. ان میں کونسی بولی ''اُو'' کا لہجہ نہیں رکھتی؟

(A) برج بھاشا (B) قنوجی (C) بندیلی (D) ہریانی

65. ''شیر اور بکری ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہیں''......اس جملے میں مبتداء کی نشان دہی کیجئے

(A) پانی (B) شیر اور بکری (C) شیر (D) گھاٹ

66. کس ماہر لسانیات نے یہ نظریہ پیش کیا تھا کہ اردو دڑاوڑی خاندان کی زبان ہے؟

(A) شوکت سبزواری (B) ڈاکٹر زور (C) سنیتی کمار چٹرجی (D) سہیل بخاری

67. راجندر سنگھ بیدی کا وہ کونسا افسانہ ہے جو تقسیم ملک اور فسادات کے پس منظر میں لکھا گیا تھا؟

(A) گرہن (B) گرم کوٹ (C) صرف ایک سگریٹ (D) لاجونتی

68. ''کوئی نہیں بولتا''......اس جملے میں ''کوئی'' ضمیر کی کونسی قسم ہے؟

(A) تنکیر (B) استفہام (C) اشارہ (D) موصولہ

69. مضارع وہ فعل ہے جس میں......کی جھلک پائی جاتی ہے۔

(A) حال اور ماضی (B) ماضی اور مستقبل (C) حال اور مستقبل (D) حال، مستقبل اور ماضی

70. غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں یہ راز دیکھنا
میری طرف بھی غمزۂ غماز دیکھنا

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) غالب (B) جگر (C) حسرت (D) مومن

71. جوش ملیح آبادی کی کونسی تصنیف نثر اور شاعری کا مجموعہ ہے؟

(A) سیف وسبو (B) الہام وافکار (C) شعلہ وشبنم (D) روح ادب

72. جوش ملیح آبادی کا ابتدائی تخلص کیا تھا؟

(A) حسن (B) شبیر (C) بشیر (D) خان

73. مجموعہ کلام "طلوع فکر" کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) ساحر لدھیانوی (B) مجاز (C) علی سردار جعفری (D) جوش ملیح آبادی

74. "فیروز شاہ" کس مثنوی کا کردار ہے؟

(A) سحرالبیان (B) گلزار نسیم (C) قطب مشتری (D) صبح امید

75. مدھیہ پردیش کی زبان کو "مغربی ہندی" کا نام کس نے دیا؟

(A) ہارنلے (B) گریرسن (C) میکس مولر (D) جیولس بلاک

76. پراکرت کا پہلا ادبی روپ...... ہے؟

(A) مہاراشٹری (B) شورسینی (C) مگدھی (D) پالی

77. زبان دہلی و پیرامنشن، اردو کا اصل منبع وسرچشمہ ہے اور حضرت دہلی اس کا حقیقی مولد ومنشاء"...... یہ قول کس کا ہے؟

(A) حافظ محمود شیرانی (B) محمد حسین آزاد (C) مسعود حسین خاں (D) سلیمان ندوی

78. آنسو تھے سو خشک ہوئے، جی ہے کہ امڈا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے، کھلتی ہے نہ برستی ہے

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) مجاز (B) فانی (C) مومن (D) فراق

79. ''گلِ تر'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) فراق (B) جوش ملیح آبادی (C) فیض احمد فیض (D) مخدوم محی الدین

80. ''میر امن کو اردو نثر میں وہی مرتبہ حاصل ہے جو میر تقی میر کو شاعری میں حاصل ہے۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد (B) سرسید (C) حالی (D) شبلی

81. ''قصص ہند'' کے نام سے بچوں کے لئے تاریخ ہند کی کہانیاں کس نے لکھیں؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) رشید احمد صدیقی (C) خواجہ حسن نظامی (D) محمد حسین آزاد

82. شبلی نے ''کتاب المناقب'' کس کتاب کو کہا؟

(A) یادگار غالب (B) حیات سعدی (C) حیات جاوید (D) مراۃ العروس

83. ڈپٹی نذیر احمد کی سنہ پیدائش کیا ہے؟

(A) 1836ء (B) 1837ء (C) 1838ء (D) 1846ء

84. انشائیہ ''گلاب تمھارا کیکر ہمارا'' کا مصنف کون ہے؟

(A) محمد حسین آزاد (B) خواجہ حسن نظامی (C) پطرس بخاری (D) مشتاق یوسفی

85. ''ہمیں حسن کا معیار بدلنا ہوگا''...... یہ قول کس کا ہے؟

(A) احتشام حسین (B) سجاد ظہیر (C) پریم چند (D) اختر حسین رائے پوری

86. پریم چند نے اپنے کس ناول میں پہلی مرتبہ دیہاتی زندگی کے مسائل کی عکاسی کی ہے؟

(A) جلوۂ ایثار (B) غبن (C) ہم خرما و ہم ثواب (D) گوشۂ عافیت

87. ان میں راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ کونسا ہے؟

(A) ننھی کی نانی (B) ابابیل (C) گھر میں بازار میں (D) ان داتا

88. تخیل اور محاکات کو شاعری کے لئے کس نقاد نے لازمی قرار دیا ہے؟

(A) حالی (B) شبلی (C) مجنوں گورکھپوری (D) آل احمد سرور

89. ''سنگھاسن بتیسی'' کا مصنف کون ہے؟

(A) للولال جی (B) نہال چند لاہوری (C) مرزا کاظم علی جواں (D) بینی نرائن

90. ان میں سعادت حسن منٹو کا افسانہ کونسا ہے؟

(A) حمام میں (B) اوورکوٹ (C) بگولے (D) یزید

91. ان میں احتشام حسین کی کتاب کونسی ہے؟

(A) ساحل وسمندر (B) سنگ میل (C) ادب اور انقلاب (D) پگھلا نیلم

92. نظم ''نقاد'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) علی سردار جعفری (B) ساحر لدھیانوی (C) مجاز (D) جوش ملیح آبادی

93. مجموعہ کلام ''طلوع فکر'' کا مصنف کون ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی (B) چکبست (C) حالی (D) اقبال

94. ان میں مولوی عبدالحق کا تحریر کردہ خاکہ کونسا ہے؟

(A) حکیم محمود خاں (B) گل شیر خاں (C) دوزخی (D) نام دیو مالی

95. ان میں کونسی مثنوی حالی کی نہیں ہے؟

(A) نشاطِ امید (B) جواں مردی کا کام (C) صبح امید (D) حب وطن

96. دیا شنکر نسیم کی سنہ پیدائش کیا ہے؟

(A) 1810ء (B) 1811ء (C) 1821ء (D) 1843ء

97. آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجے ...... جاتا ہو تو اس کا غم نہ کیجئے۔
اس شعر کا خالق کون ہے؟
(A) میر حسن (B) غالب (C) نسیم (D) حالی

98. مثنوی ''سحرالبیان'' کب پایہ تکمیل کو پہنچی؟
(A) 1190ھ (B) 1195ھ (C) 1199ھ (D) 1210ھ

99. سلسلہ روز و شب نقش گر حادثات ......سلسلہ روز و شب اصل حیات و ممات
یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟
(A) مسجد قرطبہ (B) ساقی نامہ (C) شکوہ (D) ذوق وشوق

100. ہم معنی الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟
(A) رعایت لفظی (B) مترادف (C) مناسبت لفظی (D) متبادل

101. خاکہ ''ایک وصیت کی تعمیل'' کا مصنف کون ہے؟
(A) مرزا فرحت اللہ بیگ (B) مولوی عبدالحق (C) رشید احمد صدیقی (D) خواجہ احمد فاروقی

102. کس نثری صنف کو ''دماغ کی ترنگ'' کہا جاتا ہے؟
(A) رپورتاژ (B) داستان (C) خاکہ (D) انشائیہ

103. ''روح افزا'' کس مثنوی کا کردار ہے؟
(A) سحرالبیان (B) گلزار نسیم (C) مینا ست ونتی (D) گلشن عشق

104. ''شرح تمہیدات ہمدانی'' کا مصنف کون ہے؟
(A) شاہ میراں جی حسین خدانما (B) میراں یعقوب (C) امین الدین اعلی (D) محمد باقر آگاہ

105. ''مذہب عشق'' جس کا دوسرا نام ''قصۂ گل بکاؤلی'' ہے کا مصنف کون ہے؟

(A) بینی نرائن (B) کاظم علی جوان (C) نہال چند لاہوری (D) حیدر بخش حیدری

106. زمانی اعتبار سے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجئے؟

(A) وجہی۔نصرتی۔حسن شوقی۔ابن نشاطی

(B) وجہی۔حسن شوقی۔ابن نشاطی۔نصرتی

(C) حسن شوقی۔وجہی۔نصرتی۔ابن نشاطی

(D) نصرتی۔وجہی۔حسن شوقی۔ابن نشاطی

107. ذیل میں کونسا شاعر گولکنڈہ کی شہزادی خدیجہ سلطان کے جہیز میں غلام کی حیثیت سے بھیجا گیا؟

(A) مقیمی (B) غواصی (C) طبعی (D) ملک خوشنود

108. میر تقی میر نے کتنے اردو دیوان اپنی یادگار چھوڑے ہیں؟

(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

109. ''سب رس'' میں ''عقل'' کس ملک کا بادشاہ ہے؟

(A) سیستان (B) ایران (C) بنگال (D) چین

110. حالی نے شعر کے لئے سادگی، اصلیت کے ساتھ کونسی شرط رکھی ہے؟

(A) مطالعہ کائنات (B) محاکات (C) جوش (D) تفحص الفاظ

111. نظم ''لازم المبتدی'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) سید شاہ اشرف بیابانی (B) حسن شوقی (C) برہان الدین جانم (D) فخر دین نظامی

112. مثنوی ''قطب مشتری'' کا سنہ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1605ء (B) 1609ء (C) 1610ء (D) 1612ء

113. آئینہ دیکھ اپنا سا منھ لے کے رہ گئے ...... صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) مرزا غالب (B) مومن (C) جوش ملیح آبادی (D) مخدوم محی الدین

114. ان میں کس شاعر کا خاندانی پیشہ طبابت تھا؟

(A) مومن (B) ولی (C) جگر (D) فانی

115. ''دربارِ دہلی'' اور ''برق کلیسا'' کس شاعر کی مشہور نظمیں ہیں؟

(A) چکبست (B) حالی (C) اقبال (D) اکبرالہ آبادی

116. مثنوی ''برکھارُت'' کا مصنف کون ہے؟

(A) حالی (B) نسیم (C) میر حسن (D) ملا وجہی

117. حالی کا نظریہ شعری کس سے ماخوذ ہے؟

(A) ایلیٹ (B) ارسطو (C) ملٹن (D) جانسن

118. ''ماہ رخ'' کس مثنوی کا کردار ہے؟

(A) میناست ونتی (B) سحرالبیان (C) گلزارنسیم (D) گلشن عشق

119. نہ چھیڑ اے نکہت بادِ بہاری راہ لگ اپنی ...... تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) انشا (B) مصحفی (C) جرأت (D) مومن

120. ''خاقانی ہند'' کا خطاب کس شاعر کو عطا ہوا تھا؟

(A) میر تقی میر (B) مرزا غالب (C) ذوق (D) داغ